روزنامہ راشٹریہ سہارا
نئی دھلی، 28/ جون، 2024، جمعہ

WESTERN
UTTAR PRADESH
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA
New Delhi, Friday 28, June 2024

# ’نفرت سماج اور ملک کو توڑنے کا کام کرتی ہے‘

## ملک اور سماج کی ترقی کیلئے باہمی پیارو محبت ناگزیر

**سہارنپور (شاھد زبیری/ ایس این بی)**

مذہبی رہنما بابا شرون داس گیری نے کہا کہ ملک کی تعمیر وترقی اور سالمیت کے لئے باہمی اخوت و بھائی چارہ اور پیارومحبت ناگزیز ہے۔ انہوں نے کہا کہ نفرت اور کدورت سماج اور ملک کو توڑنے کا کام کرتی ہے جس سے ملک اور سماج ترقی ممکن نہیں رہتی اس لئے ہمیں اپنی قدیم روایتوں کی پاسداری کرنی چاہئے اور ملک میں قائم امن وسلامتی پر آنچ نہیں آنے دینا چاہئے۔ ہماچل و پنجاب کے مختلف آشرموں کے ذمہ دار بابا شرون داس گیر یہاں تحصیل رامپور منیہاران کے موضع چرہو میں واقع دینی درسگاہ جامعہ دعوۃ الحق معینیہ آئے تھے جہاں جامعہ کے ذمّہ دار مولانا شمشیر قاسمی نے ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔

سہارنپور: بابا شرن داس گیری اور مولانا شمشیر قاسمی کے ساتھ جامعہ دعوۃ الحق معینیہ میں۔...... (تصویر/ایس این بی)

اس موقع پر بابا شرون داس گیری نے کہا کہ ملک اور ملک میں بسنے والے ہر طبقہ کی ترقی اسی وقت ممکن ہے جب ہم اپنی قدیم روایتوں کی حفاظت کرینگے اور یہاں کی گنگا جمنی تہذیب اور آپسی اخوت و پیار ومحبت و بھائی چارے کو مضبوط کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان صوفی سنتوں اور رشی منیوں کا دیش ہے یہاں ہزاروں سال سے مختلف مذاہب اور تہذیبوں کے ماننے والے رہتے چلے آرہے ہیں جو ملک کی خوبصورتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذہب کے نام پر نفرت نہیں پھیلانی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ مذہب انسانوں سے نفرت نہیں محبت سکھاتا ہے اور اسی کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نفرت کسی مسئلہ کا حل نہیں ہے، ملک اور معاشرہ کی ترقی کے لئے باہمی پیارو محبت ناگزیر ہے۔

انہوں نے کہا کہ بلا تفریق مذہب و ملت انسانیت کی خدمت ہم سب کا مقصد ہونا چاہئے۔ بابا شرون داس گیری نے جامعہ میں آمد پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی ترقی اور اس کی آزادی میں مدارس کا بنیادی رول رہا ہے جسے فراموش نہیں کیا جا سکتا ہے۔ مدارس بغیر کسی لالچ کے ملک کے بچوں کا مستقبل روشن کرر ہے ہیں، مدارس کے لوگ معاشرہ کی برائیوں کے خلاف جدو جہد کرر ہے ہیں جو ایک خوش آئند پہلو ہے۔ اس دوران ناظم اعلیٰ مولانا شمشیر قاسمی نے مدارس اسلامیہ اور جامعہ دعوۃ الحق معینیہ کے متعلق ان سے تفصیلی گفتگو کی اور مذہب اسلام کی امن وسلامتی و بھائی چارے اور انسانیت وحب الوطنی کی تعلیمات پر روشنی ڈالی۔ اس دوران بابا سندیپ گیری، شبھم پنوار، نکھل چودھری، مولانا حسین مظاہری، حافظ راشد، محمد انس اور صائم وغیرہ سمیت مدرسہ کے دیگر ذمہ داران وکارکنان موجودر ہے۔

# دریائے گنگا کے کدر گنج ڈیم کا ڈی ایم نے کیا معائنہ

## حفاظتی اقدامات میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی: میدھا روپم

**کاس گنج (بابا اجمیری /ایس این بی)**

کاس گنج ضلع کے کدر گنج میں آج بارش کے موسم کے پیش نظر ضلع مجسٹریٹ میدھا روپم اور پولیس سپر نٹنڈنٹ تحصیل پٹیالی علاقہ میں دریائے گنگا کے کنارے واقع بارونہ اور کدر گنج گاؤں پہنچے اور ڈیم کا جائے وقوع معائنہ کیا۔ محکمہ آبپاشی کے افسران کو ہدایت دی کہ ڈیم میں جہاں کہیں کٹاؤ ہوا ہے اس کی فوری مرمت کی جائے۔ تاکہ گاؤں میں پانی جمع نہ ہو۔ یہ کام ترجیحی بنیادوں پر کیا جائے تاکہ پانی کی سطح بلند ہونے پر گاؤں والوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اینٹی ایروشن کے کاموں کو تیزی سے مکمل کیا جائے، فلڈ پوسٹس کو اب سے پوری طرح فعال کیا جائے، پانی کی بڑھتی ہوئی سطح کو ہمہ وقت مانیٹر کیا جائے۔

ضلع مجسٹریٹ نے کہا کہ گاؤں کے سربراہ کو ہدایت دی جائے کہ وہ ڈیم پر ایک چوکیدار رکھیں اور پانی بھرنے سے نمٹنے کے لیے ابھی سے مکمل تیاری کریں اور اسٹریٹ لائٹس۔ تمام انتظامات مکمل رکھے جائیں جن میں میڈیکل کیمپ، جانوروں کی ویکسینیشن، پینے کے پانی کا نظام، سٹریٹ لائٹس، سیلاب کی صورت میں ریلیف کیمپ، ادویات، میڈیکل کٹس، پشتوں کی حفاظت، غوطہ خوروں اور کشتیوں کی حفاظت، تباہ شدہ سڑکوں کی فوری مرمت معائنہ میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ راکیش کمار پٹیل، ایس ڈی ایم کلدیپ کمار، ایریا آفیسر پٹیالی، تحصیلدار اور محکمہ آبپاشی کے جونیئر انجینئر، گاؤں کے سربراہ اور گاؤں والے موجود تھے۔

# ممتاز احمد کو مغربی اتر پردیش کا جنرل سکریٹری بنایا گیا

**دیوبند (اشرف عثمانی /ایس این بی)** راشٹریہ سنستھا ’’سوچنا کا ادھیکار بچاؤ ابھیان‘‘ کو مزید مضبوط اور فعال بنانے کے لئے آر ٹی آئی کو پوری قوت کے ساتھ نافذ کرانے، اطلاعاتی قانون کی تشہیر کرنے، اطلاعاتی قانون کو عملی طور سے استعمال کرنے والوں کو استحصال سے چھٹکارا دلانے اور تنظیم میں رہ کر بغیر کسی لالچ کے خدمت خلق انجام دینے کے مقصد سے صوبائی صدر پچھّم اتر پردیش رئیس احمد نے ممتاز احمد باشندہ محلّہ ٹاکان دیوبند کو پچھمی اتر پردیش کا جنرل سکریٹری مقرر کیا ہے۔ اس موقع پر رئیس احمد نے کہا کہ ممتاز احمد اپنے فرائض کی ادائیگی کے لئے پرخلوص شخص ہیں جو ہر کام کو بڑی ذمہ داری سے پورا کرتے ہیں، ان کی اسی خصوصیات کے مدنظر تنظیم نے جنرل سکریٹری مقرر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی تنظیم ممتاز احمد سے یہ توقع کرتی ہے کہ وہ تنظیم کی پالیسیوں اور پروگراموں کی مغربی اتر پردیش میں تشہیری پروگرام چلاکر ممبر سازی کریں گے اور آر ٹی آئی کارکنان کو مزید قوت بخشیں گے۔ نو منتخب صوبائی جنرل سکریٹری ممتاز احمد نے تنظیم کے صدر رئیس احمد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مجھے جو ذمہ داری سپرد کی گئی ہے اس ذمہ داری کو پوری ایمانداری اور خلوص کے ساتھ نبھا کر تنظیم کو آگے بڑھانے کے لئے بہتر سے بہتر اقدام کریں گے۔ ممتاز احمد کو شہر کی معزز شخصیات نے اس عہدہ کے ملنے پر مبارک باددی ہے۔ مبارک باد دینے والوں میں ارشد صدیقی، اکرام انصاری، نسیم انصاری، اور فیصل نورشبو وغیرہ شامل ہیں۔

# میرٹھ: آشا کارکنوں اور اسپتال عملہ کو توصیفی اسناد سے نوازا گیا

**میرٹھ (ایس این بی)** آج جمعرات کو 50 بستر والے جوائنٹ اسپتال کٹھور میرٹھ میں، فیروز احمد ٹریننگ کوآرڈینٹر (آئی پی اے ایس)، میرٹھ کی مدد سے آشا کارکنوں، اسپتال اور عملے کو جوائنٹ اسپتال میں خدمات حاصل کرنے کیلئے مستفید ہونے والوں کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ اس کے ساتھ ہی جن آشا بہنوں نے اسپتال میں سب سے زیادہ زچگی کروائی، خواتین اور مردوں کی نس بندی کروائی اور اسقاط حمل کی خدمات میں بہترین خدمات انجام دیں، انہیں تعریفی اسناد دے کر نوازا گیا۔ ڈاکٹر وشواس چودھری، چیف میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، فیروز ٹریننگ کوآرڈینٹر آئی پی اے ایس، ڈاکٹر ساریکا، ڈاکٹر آشا، ڈاکٹر سلیکھ، ڈاکٹر سنیل، ڈاکٹر گایتری، وجیندر پردھان، ونے ٹھاکر نے پروگرام میں تعاون کیا۔

# ’اللہ کو بہترین کارساز، حاجت روا قرار دینا ہی توحید ہے‘

## گوہر پور بانکا بہار میں اصلاح معاشرہ و تعلیمی بیداری کے عنوان سے اجلاس منعقد، معروف شخصیات کا خطاب

**میرٹھ (شکیل سیفی /ایس این بی)**

میرٹھ کے مولانا مشہود الرحمٰن شاہین جمالی چترویدی قوم کی خدمت کرنے کیلئے اور ان کو اسلام سے قرآن وحدیث کی روشنی میں روشناس کرانے کیلئے گوہر پور بانکا بہار میں اصلاح معاشرہ و تعلیمی بیداری، کے عنوان سے ایک عظیم الشان اجلاس عام میں شامل ہوئے، جس میں دانشوران قوم وملت، سیاسی وسماجی رہنماؤں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس کی صدارت مولانا ظہیر اقبال نے عطا کی۔ اجلاس کے مہمان خصوصی اور خطیب مولانا مشہود الرحمٰن شاہین جمالی چترویدی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ توحید خدا کی ذات الوہیت اور صفات و افعال میں اسے واحد ماننا ہے اور اس اللہ کو بہترین کارساز، حاجت روا، نافع وضار، مالک وہ متصرف، اکبر واکمل، اعلیٰ وارفع قرار دینا ہی توحید ہے۔ حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے لے کر محمد مصطفیٰ تک جتنے انبیاء ورسل کی بعثت ہوئی سب نے توحید ہی کا پیغام دیا۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کا بنیادی اصول توحید ہی تھا۔ آپؐ نے عالم انسانیت کو وحدت الہ اور وحدت انسانیت کا پیغام دیا۔ مولانا مشہود الرحمان شاہین جمالی چترویدی نے مزید کہا کہ اسلام کے دستور اساسی میں کوئی جبر نہیں ہے تاریخی طور پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانی سماج میں اپنی عظمت کردار، امانت ودیانت، حق وصداقت کا عملی مظاہرہ کے ساتھ 40 سال گزارنے کے بعد آپ کو نبوت ملی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے آخری طور پر حضرت آدم سے لے کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم تک سارے نبیوں کو دین اسلام کے صحیح چہرے پر ہزاروں سال کے سفر کے دوران جمی ہوئی دھول اور وقت کے گرد وغبار کے تہوں کو صاف کر کے اس کے صحیح خدوخال کے ساتھ ظاہر کیا اور قرآن کی شکل میں حیات انسانی کے لئے ایک جامع اور مکمل دستور اساسی عطا کر دیا گیا جس میں نہ کسی ترمیم وتنسیخ کی گنجائش رکھی گئی گی۔ اس موقع پر مولانا طارق جمیل صاحب نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ علم حاصل کرنا موجودہ دور کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ علم دین ہی انسانیت کی کامیابی کی ضمانت ہے۔ بچوں کو علم دین سے آراستہ کرانا چاہیے۔ اس موقع پر مولانا شمس عالم صاحب نے خطاب کرتے ہوئے کہا اللہ ایک ہے اور وحدہ لاشریک ہے ہمیں اس اللہ کی عبادت کرنی چاہیے اور اس کی رضا والے اعمال اپنانے چاہئیں معاشرے کی برائیوں سے بچتے ہوئے اللہ کی اطاعت میں زندگی گزارنا چاہیے۔ اس موقع پر مولانا نوشاد نے آئے ہوئے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور علماء کی آمد اوران کی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ مدارس انسانیت کی عزت وبقا کی ضمانت ہے اور مدرسوں میں پڑھنے والے طلبا اپنے بزرگوں کا احترام اور انسانیت کی قدرو قیمت اور انسانیت کی خدمت کا جذبہ اپنی زندگی میں پیدا کرتے ہیں۔ اس موقع پر چنئی کے امام و خطیب مولانا شمس تبریز قاسمی کی موجودگی باعث سعادت رہی۔ مفتی طارق جمیل نے اور مفتی سہراب قاسمی نے اجلاس کی کامیابی پر مولانا نوشاد کو مبارکباد پیش کی اور اجلاس کی نظامت حضرت قاری مجاہد حسنین حبیبی نے ادا فرمائی اور آخیر میں حضرت مولانا ظہیر اقبال کی دعا پر اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

# جعلی نوٹوں کے ساتھ سابق قومی کھلاڑی سمیت 2 گرفتار

**مظفر نگر (جنید قاسمی / ایس این بی)** مقامی پولیس اور اے ٹی ایس کی مشترکہ ٹیم نے نقلی نوٹوں کو بازار میں چلانے کے الزام میں دو لوگوں کو گرفتار کیا ہے، جن سے

MUZAFFAR NAGAR
POLICE
مظفر نگر: ایس پی سٹی ستیہ نارائن پرجاپتی معلومات دیتے ہوئے۔.......... (ایس این بی)

لاکھوں روپے کے نقلی نوٹ، دو موبائل فون، تین اے ٹی ایم کارڈ، ایک موٹر سائیکل اور دیگر دستاویزات برآمد ہوئے ہیں۔ جبکہ دیگر دو ساتھی فرار ہیں جن کی پولیس تلاش کر رہی ہے۔ گزشتہ روز سابق قومی کھلاڑی کو مظفر نگر پولیس اور اے ٹی ایس کی ٹیم نے نقلی نوٹوں کے ساتھ گرفتار کیا تھا۔ جبکہ اس کے دو ساتھی آج گرفتار ہوئے ہیں۔ پولیس نے پوچھ گچھ کے بعد مقدمہ درج کرلیا ہے۔ پولیس لائن میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ایس پی سٹی ستیہ نارائن پرجاپتی نے بتایا کہ سابق قومی کھلاڑی نمائش کیمپ کا رہنے والا ہے، اس کا دوست صدام سہارنپور کے نوادہ گاؤں کا رہنے والا ہے، ایس پی سٹی ستیہ نارائن پرجاپتی نے بتایا کہ اے ٹی ایس سہارنپور اور مظفر نگر پولیس کی ٹیم نے دونوں کو شہر کوتوالی علاقے میں کالی ندی کے پل سے گرفتار کیا ہے۔ تمام نوٹ 500 روپے کے ہیں۔ دونوں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ اس معاملہ میں دو ملزمین ابھی تک فرار ہیں۔ جن کی تلاش جاری ہے۔

# سہارنپور نگر نگم نے ریلوے روڈ پر انکروچمنٹ ہٹایا، دوکانداروں میں بے چینی

**سہارنپور (ایس این بی)**

آج یہاں نگر نگم کا بلڈوزر پھر حرکت میں دکھائی دیا، ریلوے روڈ پر دوکانداروں کے ذریعہ کئے گئے انکروچمنٹ کو بلڈوزر نے ہٹایا، کھوکھے اور دوکانوں کے باہر رکھے کاؤنٹر بھی ہٹائے اور گاڑی میں ڈالے، دوکانوں کے آگے دھوپ اور بارش سے بچنے کیلئے لگائے گئے ماڈرن پردے اور ترپالیں بھی ہٹائی گئیں۔ نگر نگم کی ٹیم کے ساتھ بلڈوزر کو دیکھ کر ریلوے روڈ کے دوکانداروں میں افراتفری مچ گئی اور دوکانداروں نے جیسے تیسے جلدی جلدی دوکان کے باہر رکھے سامان کو دوکان کے اندر پھینکا جو باہر رہ گیا وہ بلڈوزر نے نگر نگم کی گاڑی میں ڈالدیا۔

ریلوے روڈ پر نگر نگم کے گاندھی پارک کی دیوار سے لگی ہوئی 47 دوکانیں ہیں۔ دوکانداروں نے ان دوکانوں کو کافی آگے بڑھا رکھا تھا اور نالے کو بھی کور کر لیا تھا جس کے سبب نالوں کی صفائی نہیں ہو پا رہی تھی جس سے کل موسم کی پہلی بارش ہونے کے بعد ریلوے روڈ، بس اسٹینڈ پر پانی بھر گیا تھا۔ اس بابت نگر نگم کے افسران کی طرف سے کئی مرتبہ آگاہ کیا گیا اور دوکانداروں کے ساتھ میٹنگ بھی رکھی گئی لیکن مسئلہ جوں کا توں رہا اس کیلئے نگر نگم کی طرف سے مہلت بھی دی جاتی رہی لیکن دوکاندارٹس سے مس نہیں ہوئے۔ سٹی کمشنر سنجے چوہان نے دوکانداروں کو بلا کر وارننگ دی تھی کہ فوری طور پر اپنا سامان نالے پر سے ہٹالیں اور انکروچمنٹ سے باز رہیں ورنہ کارروائی کیلئے تیار رہیں دوکانداروں نے وعدہ بھی کیا تھا کہ دو دن بعد سامان ہٹا لیا جائے گا لیکن سامان نہیں ہٹایا گیا۔ دوکاندار مزید ایک ہفتہ کی مہلت چاہتے تھے جو نگر نگم نے نہیں دی جس کے بعد نگر نگم نے آج یہ کارروائی کی ہے۔ بیوپار منڈل کے ضلع صدر شیتل ٹنڈن نے بھی دوکانداروں کو سمجھایا اور نالے کی صفائی کیطرف توجہ دلائی دوکانداروں نے نالے کی صفائی کیلئے خود مین ہول کھلنا شروع کئے تب کہیں جاکر نگر نگم کی ٹیم بلڈوزر لے کر وہاں واپس ہوئی۔

سہارنپور: نگر نگم کا بلڈوزر ریلوے روڈ پر کارروائی کرتے ہوئے۔...... (تصویر/ایس این بی)

# ملازمین نے عہدیداروں کو مسائل سے آگاہ کیا

**دیوبند (ایس این بی)**

پی ڈبلیو ڈی ریگولر ایمپلائز یونین کے اجلاس میں ملازمین نے تنظیم کے عہدیداروں کو مختلف مسائل سے آگاہ کیا۔ اس دوران ملازمین نامہ نگار۔ نے تنظیم کے عہدیداروں کا پھولوں کے ہار پہنا کر استقبال کیا۔ ریاستی شاہراہ پر واقع PWD گیسٹ ہاؤس میں میٹنگ کا اہتمام کیا گیا۔ پی ڈبلیو ڈی ریگولر ایمپلائز یونین کی میٹنگ میں کارگزار ضلع صدر راجیش کمار بھٹملہ نے ملازمین کے مسائل کا نوٹس لیا۔ مسائل حل کرنے کی بھی یقین دہانی کرائی۔ میٹنگ کی صدارت سادھورام نے کی اور نظامت ایشور پال کشیپ نے کی۔ اس دوران صوبائی تنظیمی وزیر نوشاد علی اور محکمہ پنچایت کے سابق ضلعی وزیر راج ایشور پال سنگھ، ونود کمار، کمل، اسرار، راجبیر، شیام لال وغیرہ موجود تھے۔

# بھا کیو کا احتجاج، دھرنا تیسرے روز بھی جاری، یکم جولائی کو تحصیل احاطے میں زبردست احتجاجی مظاہرہ، سب کلکٹر کے نام لکھا خط

**چاند پور (ایس این بی)** بھارتیہ کسان یونین (ٹکیت) گروپ چاند پور کے کارکنوں نے اپنے مطالبات کے حق میں تحصیل احاطے میں تیسرے دن بھی احتجاج جاری رکھا۔ تحصیل چاند پور میں بھارتیہ کسان یونین کی غیر معینہ مدت کی ہڑتال پر بیٹھے کسانوں کا کہنا ہے کہ جب تک ہمارے مطالبات تسلیم نہیں کیے جاتے ہم نہیں اٹھیں گے۔ سب کلکٹر چاند پور کے نام لکھے یونین کے لیٹر پیڈ پر کسانوں کے مسائل حل نہ ہونے کی وجہ سے آج یونین کا احتجاج تیسرے دن بھی جاری رہا۔ اس سلسلے میں یونین نے سب کلکٹر کو لکھے گئے اپنے خط میں کہا ہے کہ اگر بروقت ہمارے مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو یکم جولائی سے یونین تحصیل کے احاطے میں زبردست احتجاج کرے گی، جس کی ذمہ داری تحصیل انتظامیہ کی ہو گی۔ بھارتیہ کسان یونین ٹکیت کے کارکنان اپنے مطالبات کے حق میں گزشتہ 3 دنوں سے ہڑتال پر بیٹھے ہوئے ہیں، کسان لیڈر چیتن سنگھ نے کہا کہ ان کی غیر معینہ مدت کی ہڑتال اب یکم جولائی سے بڑی شکل اختیار کرے گی۔ آج تیسرے دن بھی تحصیل صدر ہری راج سنگھ، بلاک صدر کلیان سنگھ، رامپال سنگھ، روہتاش سنگھ، چیتن سنگھ ایشور سنگھ وغیرہ ہڑتال پر بیٹھے تھے۔ کسان رہنما روہتاش سنگھ نے کہا کہ عام اسکیم کے تحت سال 2019 میں کسانوں کے پرائیویٹ ٹیوب ویلوں کا جمع اسٹیمٹ سامان انہیں بغیر کسی تاخیر کے فراہم کیا جانا چاہئے۔ کسانوں کے کھاتوں میں ان کی کھسرہ کھتونی میں موجود غلطیوں کو بروقت درست کیا جائے اور کسان کے تمام کھاتوں کے لیے ایک ہی فرد تیار کی جائے۔ باسٹہ سب اسٹیشن پاور فیڈر سے لین پوری فیڈر تک خستہ حال بجلی کی لائن کو تبدیل کیا جائے۔ نگر پالیکا چاند پور میں 2014 سے پانی کی ٹینک بنی ہوئی ہے جسے آج تک چالو نہیں کیا گیا ہے اور اس کو فوری طور پر چالو کیا جائے جیسے مطالبات کے حق میں تحصیل کے احاطے میں احتجاج جاری ہے۔

# انسپکٹر 20 ہزار روپے رشوت لیتے رنگے ہاتھوں گرفتار

**میرٹھ (ایس این بی)**

سرور پور میں جمعرات کی شام کو تھانہ سرور پور کے کھیوئی تھانے کے انڈر ٹریننگ انسپکٹر کو اینٹی کرپشن ٹیم نے 20,000 روپے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔ بتایا گیا ہے کہ سرور پور تھانے کے کھیوائی پولیس چوکی میں انڈر ٹریڈنگ انسپکٹر آشوتوش کمار 506,504,523 روپے سے متعلق کیس کو بند کرنے کے لیے کھیوائی شہر کے رہنے والے محبوب سے 20,000 روپے کی رشوت مانگ رہا تھا۔ متاثرہ نے اس حوالے سے اینٹی کرپشن ٹیم سے رابطہ کیا۔ جہاں شام کو اینٹی کرپشن ٹیم نے انسپکٹر آشوتوش کمار کو روہٹہ تھانہ علاقے کے ایک مقام سے 20,000 روپے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا۔ اس سلسلے میں اینٹی کرپشن ٹیم روہٹہ پولیس اسٹیشن میں انسپکٹر کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی تیاری کررہی تھی۔ رشوت لینے والے انڈر ٹریننگ انسپکٹر کی گرفتاری سے محکمہ پولیس کی بدنامی ہوئی ہے۔

# چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی میں 10 روزہ مشترکہ سالانہ تربیتی کیمپ اختتام پذیر

**میرٹھ (شکیل سیفی/ایس این بی)**

چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی میں 19 سے 28 جون تک جاری رہنے والے این سی سی کیڈٹس کے لیے 10 روزہ مشترکہ سالانہ تربیتی کیمپ کا اختتامی اجلاس نیتاجی سبھاش چندر بوس آڈیٹوریم میں منعقد ہوا۔ پروگرام کا اختتام کرنل پنکج ساہنی نے کیا۔ اس کیمپ کا اہتمام 71 یو پی بٹالین این سی سی نے کیا تھا۔ پروفیسر سنگیتا شکلا، وائس چانسلر چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی کو اختتامی سیشن میں مہمان خصوصی کے طور پر مدعو کیا گیا تھا۔ کیڈٹس نے گارڈ آف آنر کے ساتھ وائس چانسلر کا استقبال کیا۔ اسی سلسلے میں کیڈٹس کی جانب سے ثقافتی پروگرام کا بھی انعقاد کیا گیا۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر سنگیتا شکلا نے زندگی میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے کیمپ میں دی جانے والی تربیت 'اتحاد اور نظم وضبط' کو اپنے طرز زندگی میں شامل کرنے کا منتر دیا۔ اس کے بعد کیمپ میں منعقد ہونے والی مختلف سرگرمیوں جیسے ڈرل، گیمز، فائرنگ اور ثقافتی پروگراموں کے فاتحین کو وائس چانسلر اور مہمانوں نے اعزاز سے نوازا۔ کیمپ میں مختلف کالجوں اور سکولوں کے سینئر ڈویژن/ سینئر ونگ اور جونیئر ڈویژن/ جونیئر ونگ کے تقریباً 500 کیڈٹس نے حصہ لیا۔ اس کیمپ کا بنیادی مقصد کیڈٹس میں کردار، بھائی چارہ، نظم وضبط، قیادت، سیکولر نقطہ نظر، ہندوستانی افواج کا تعارف، صحت سے متعلق آگاہی، ملک کی بے لوث خدمت کا جذبہ پیدا کرنا تھا۔ کیمپ کے دوران تمام کیڈٹس کو یوگا، فزیکل ٹریننگ، ڈرل، فائرنگ، گیمز ٹریننگ، پرسنلٹی ڈیولپمنٹ کلاسز، انڈین آرمی میں کیریئر کے لیے گیسٹ لیکچر، فائر اینڈ سیفٹی اور این سی سی کورس کی کلاسز دی گئیں۔ یونیورسٹی کے ڈاکٹر اے پی جے ہاسٹل، ڈاکٹر آر کے سنگھ ہاسٹل اور رانی لکشمی بائی ہاسٹل میں کیڈٹس کے قیام کے انتظامات کئے گئے تھے۔ یہ کیمپ 71 یوپی بٹالین این سی سی میرٹھ کے کرنل پنکج ساہنی اور لیفٹیننٹ کرنل دیویا سنگھ اور یونیورسٹی کے این سی سی افسر لیفٹیننٹ ڈاکٹر انیل کمار یادو اور دیگر کالجوں کے این سی سی افسران اور بٹالین کے دیگر عملے کے تعاون سے منعقد کیا گیا تھا۔ سب نے یونیورسٹی کی طرف سے فراہم کی جانے والی سہولیات اور تعاون کو سراہا۔ پروگرام میں یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر بیر پال سنگھ، چیف وارڈن پروفیسر۔ دنیش کمار، پروفیسر۔ انوج کمار، پروفیسر۔ نیرج سنگھل، انجینئر منیش مشرا وغیرہ نے بھی شرکت کی۔

# سماجوادی پارٹی کے ممبر اسمبلی عمر علی خاں کی عدالت میں پیشی

**سہارنپور (ایس این بی)** انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی معاملہ میں بہٹ اسمبلی حلقہ سے سماجوادی پارٹی کے ممبر اسمبلی عمر علی خاں یہاں ایم پی، ایم ایل اے کورٹ میں پیش ہوئے۔ معاملہ 2019 کے لوک سبھا الیکشن کا ہے تب عمر علی خاں نے بی ایس پی کے لوک سبھا امیدوار حاجی فضل الرحمٰن کے حق میں عوامی جلسہ کیا تھا اور جلوس نکالا تھا۔ اس کو لے کر ممبر اسمبلی عمر علی خاں اور ان کے حمایتوں کی پولیس کے ساتھ نوک جھونک ہوئی تھی۔ کوتوالی بہٹ پولیس نے انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے الزام میں عمر علی خاں اور کئی نامعلوم افراد کیخلاف بہٹ کوتوالی میں رپورٹ درج کی تھی اور اس بابت ایم پی ایم ایل اے کورٹ میں چارج شیٹ داخل کی تھی۔ معاملہ عدالت میں زیر سماعت ہے۔ عدالت نے ممبر اسمبلی عمر علی خاں کے باہر جانے پر روک لگادی دی تھی۔ ممبر اسمبلی عمر علی خاں نے اپنے وکیل کے ذریعہ اپنے پاسپورٹ کی تجدید کیلئے عدالت میں درخواست گزاری ہے۔ اس کو لے کر سرکاری وکیل اور عمر علی خاں کے وکیل کے مابین زوردار بحث بھی ہوئی تاہم عدالت نے ابھی اس معاملہ میں اپنا فیصلہ محفوظ رکھا ہے۔

ضروری اطلاع

قارئین کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اس اخبار میں شائع ہونے والے سبھی اشتہارات پر کارروائی کرنے سے پہلے پوری تحقیق کرلیں اور مناسب صلاح لے لیں۔ کوئی بھی سبسکرائبر جو اس اخبار میں شائع کسی اشتہار جیسے ٹاور، نوکری، قرض سے متعلق یا دیگر کسی بھی طرح کے سلسلہ میں کوئی رقم بھیجتا ہے کیا کسی طبی صلاح پر کوئی کارروائی یا خرچ کرتا ہے یا کوئی وعدہ کرتا ہے تو ایسا وہ اپنے خود کے ضمیر، عقل اور جوکھم پر کریں گے۔ کمپنی، ناشر یا اس کا کوئی ملازم اشتہار دہندہ کے ذریعہ ان کے کسی پروڈکٹ یا سروس کے لیے کیے گئے کسی دعوے کی سچائی کی یقین دہانی نہیں کراتے اور ایسے اشتہارات پر یقین کرکے کسی شخص کو ہوئے کسی خسارے، نقصان اور نتائج کے لیے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔